علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ فکر اسلامی، تاریخ وثقافت)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یاPDFفارمیٹ)میں LMSپر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کورس: مذہبی تعلیمات (کورس کوڈ104) سمسٹر: بہار2026

سطح: میٹرک

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ اسلام، مسیحیت اور ہندومت جیسے مذاہبِ عالم کی روشنی میں اخلاقیات کی تعریف کیجیے اور کردار سازی میں اس کی اہمیت لکھیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ تمام مذاہب میں جھوٹ اور منافقت کی شدید مذمت کی گئی ہے۔اس روشنی میں قول و فعل کے تضاد کے دو بڑے معاشرتی نقصانات لکھیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ خطبہ حجۃ الوداع اور دیگر مذاہب کے سنہری اصولوں کے تحت واضح کیجیے کہ صنف (Gender) کی بنیاد پر امتیاز برتنا کیوں اخلاقی طور پر غلط ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ تمام مذاہب کے پیشواؤں کی زندگی سے صبر اور خودانضباطی کی کوئی ایک مثال لکھیے اور اس کی اہمیت بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ اسلام کے "حقوق العباد"، ہندومت کی "سیوا"، اور بدھ مت کی "کرُونا" کے تحت بتائیے کہ خدمتِ خلق تمام مذاہب میں مستقل طرزِ زندگی کیسے ہے؟ (20)

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ تمام بڑے مذاہب کے مطابق امن اور عدم تشدد کا کیا مفہوم ہے؟ 'میثاقِ مدینہ' کی روشنی میں کثیر المذہبی معاشرے میں رواداری کی اہمیت لکھیے۔ (20)

سوال نمبر2۔ مسیحیت کے "سنہری اصول" (The Golden Rule) اور اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں پڑوسی کے مقام اور حقوق کی تفصیل بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر3۔ فلاحی ریاست کی تعریف کیجیے اور بتائیے کہ مختلف مذاہب کے مطابق شہریوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ریاستی "اقتدارِ اعلیٰ" کیوں ضروری ہے؟ (20)

سوال نمبر4۔ زمین کے وسائل کو تمام مذاہب میں خالق کی امانت مانا گیا ہے۔ اس تناظر میں پائیدار ترقی (Sustainable Development) کی اہمیت لکھیے۔ (20)

سوال نمبر5۔ مختلف مذاہب میں شجرکاری اور صفائی کی کیا اہمیت ہے؟ نیز ماحولیاتی تحفظ کے لیے "3Rs" کا فارمولا واضح کیجیے۔ (20)